سوال

(182)زکوۃ کی ادائیگی کے بعد دوبارہ زکوۃ دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی کے پاس ایک لاکھ روپے ہیں جس کی اس نے زکوۃ ادا کردی ہے اگلے سال پچاس ہزار مزید اس کے ساتھ مل جاتا ہے اب آیندہ پچاس ہزار روپے سے زکوۃ دینا ہوگی یا ایک لاکھ پچاس ہزار روپے سے کیونکہ ایک لاکھ روپے کی زکوۃ تو ادا کردی گئی ہے ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

زکوۃ کےلئے ضابطہ حسب ذیل ہے :

1۔ پس اندازکیا ہوامال نصاب کو پہنچ جائے ۔

2۔ وہ ضرورت سے زائد ہو۔

3۔ اس پر سال گزرجائے ۔

صورت مسئولہ میں ڈیڑھ لاکھ پر زکوۃ دینا ہوگی کیونکہ اس میں مذکورہ شرائط پائی جاتی ہیں ۔ ہاں، اگر اسے کسی مصرف میں استعمال کرلیا جائے تو اس میں زکوۃ وغیرہ نہیں ہوگی ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد:2 صفحہ:220